ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن، نوٹس ٹُو اپیئر، ضمیمہ اے (انیکس اے)

کووڈ-۱۹(Covid-19) سے متعلق صحت اور حفاظت کے اقدامات

امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا (آئی آر بی)(IRB)) اس بات کو یقینی بنانا جاری رکھے ہوئے ہے کہ کووڈ-۱۹ (COVID-19) سے متعلق صحت اور حفاظت کے کچھ اہم اقدامات کو برقرار رکھا جائے تاکہ سماعت کے کمرے کے شرکاء، ملازمین اور ملاقاتیوں کی حفاظت کی جا سکے۔

براہ کرم درج ذیل تحدیدوں سے آگاہ رہیں:

دعویدار: ۱۸ سال سے کم عمر کے دعویداروں کو ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن (آر پی ڈی) سماعتوں میں شرکت کی ضرورت نہیں ہے جب تک کہ آر پی ڈی کو ان کی حاضری کی ضرورت نہ ہو، حالانکہ اگر وہ اور ان کے نامزد نمائندے چاہیں تو وہ شرکت کرسکتے ہیں۔ جسمانی فاصلے کی ضروریات پوری ہوجانے کو یقینی بنانے کے لئے آر پی ڈی سماعتوں کا ترتیب کار کرتا ہے، لہٰذا سماعت میں شریک ہونے والوں کی تعداد محدود ہوسکتی ہے۔ اگر آپ کسی ۱۸ سال سے کم عمر کے دعویدار کو لانے کا ارادہ رکھتے ہیں تو برائے مہربانی اپنی سماعت کی تاریخ سے کم از کم ۱۰ دن پہلے ہی آر پی ڈی (رابطے کی معلومات نوٹس ٹُو اپیئر میں مل جاتی ہے) کوتحریری طور پر مطلع کریں۔

مبصرین: براہ کرم آر پی ڈی (RPD) کو اپنی سماعت کی تاریخ سے کم از کم ۱۰ دن پہلے تحریری طور پر مطلع کریں کہ کوئی مبصر آپ کے ساتھ آئے گا (مثلاً جذباتی تعاون کے لئے) ۔

گواہان: آپ اپنی سماعت پر گواہوں کو لا سکتے ہیں۔ آر پی ڈی (RPD) کے اصولوں کے مطابق ، آپ پر لازم ہے کہ سماعت کی تاریخ سے کم از کم ۱۰ دن پہلے، گواہ (گواہوں) کا نام (کے نام)، ان کی گواہی کی وجہ، ان کی گواہی دینے کی متوقع دورانیہ، گواہ (گواہان) سے آپ کا رشتہ اور آیا انہیں ترجمان کی ضرورت ہے ، ان سب کے بارے میں آر پی ڈی کو تحریری طور پر مطلع کریں۔ آر پی ڈی کو اپنی سماعت کی تاریخ سے کم از کم ۱۰ دن پہلے تحریری طور پر یہ بھی مطلع کرنا آپ پر لازم کہ آیا گواہ بذاتِ خود حاضر ہو گا یا ٹیلیفون کے ذریعہ پیش ہوگا۔ اگر ممکن ہو تو، براہ کرم ٹیلیفون کے ذریعہ گواہ (گواہان) کو پیش کرنے کا بندوبست کریں۔

جب آپ کو نوٹس موصول ہو تو آپ کو آئی آر بی صحت اور حفاظتی اقدامات (IRB health and safety measures) سے مشورہ کرنے کی ضرورت ہے۔